بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نظرات

حکومتِ ہند کی جدید پالیسی کے مطابق آج کل آل انڈیا ریڈیو پر خبروں کے بلیٹن میں اردو زبان کی جو گت بن رہی ہے اس پر کوئی شخص بھی ہندو ہو یا مسلمان جس کی مادری زبان اردو ہے بے چینی اور اضطراب کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اگر ہندوستان کے نئے نظام کا نقشہ اسی نہج پر مرتب ہوا تو اُس کے اس آغاز سے ہی اندازہ ہو سکتا ہے کہ جہاں تک ہمارے ادب اور زبان کا تعلق ہے اس کا انجام کیا ہوگا۔ سوال یہ ہے کہ مسلمانوں سے قطع نظر شمالی ہند کے ہندوؤں میں بھی ایسے کتنے ہیں جو اختیار، جلسہ، انتظام، دستور، سلسلہ، امن کے اصول، مطابق، نکتہ چینی وغیرہ ایسے عام اور متداول لفظوں کے مقابلہ میں ادھیکار، بیٹھک، پربندھ، ودھان، سمبندھ، شانتی کے اوپایوں انوسار اور آلوچنا وغیرہ نامانوس و اجنبی الفاظ کو آسانی کے ساتھ سمجھ سکتے ہوں پھر لکھنے والے کے مقابلہ میں لکھیت، وزیر ہند کے مقابلہ میں بھارت منتری اور جاننے والے کے بالمقابل جان کار ایسے لفظوں میں کونسی خوشنمائی اور خوبی و سہولت ہے کہ پرانے لفظوں کو ترک کر کے ان نئے لفظوں کو خواہ مخواہ ٹھونسا جا رہا ہے۔

لیکن کوئی بتائے کہ اب ہم اس کی شکایت کریں تو کس سے کریں۔ اُس کمیٹی سے کریں جو ایک ہندو اور دو مسلمانوں پر مشتمل تھی اور جس کی متفقہ رپورٹ پر ہی حکومت ہند نے یہ پالیسی بنائی ہے اور جس نے اصولی اور بنیادی غلطی ہی یہ کی ہے کہ اردو، ہندی، اور ہندوستانی۔ ان تین مختلف زبانوں کا وجود تسلیم کر کے گویا خود یہ مان لیا کہ اردو ہندوستان کی مشترکہ زبان نہیں ہے۔ یا اس کا الزام اس سیاستِ نافرجام کے سر لگائیں جس نے ہندوستان کو صحیح معنی میں "دوزخ نشان" بنا کر رکھ دیا ہے اور جس کے باعث زبان ایسی مشترک چیز کے بھی تناسب آبادی کے معیار پر حصے بخرے کئے جا رہے ہیں۔ آہ! وہ ہندوستان "جنت نشان" جو کل تک اتفاق و رواداری کا سرسبز و شاداب چمن تھا، آج سرتاسر خارستان عداوت و منافرت بنا ہوا ہے۔

حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں